36600-حج کی بنا پر مانع حیض اشیاء استعمال کرنی جائز ہیں

سوال

کیا حج کی بنا پر عورت کے لیے مانع حیض گولیاں استعمال کرنی جائز ہیں تا کہ وہ لوگوں کے ساتھ حج کر سکے ؟

پسندیدہ جواب

ایام رمضان میں
عورت کے لیے مانع حیض گولیاں استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں تا کہ لوگوں کے ساتھ روزے
رکھے جاسکیں ، اور ایام حج میں بھی لوگوں کے ساتھ طواف کرنے کے لیے مانع حیض گولیاں
استعمال کی جاسکتی ہیں تا کہ اعمال حج میں تعطل پیدا نہ ہو سکے ۔

اور اگر گولیوں کے علاوہ کوئی اور مانع
حیض چیز ہو جس کے استعمال میں کوئی شرعی ممانعت نہ ہو تو اس کے استعمال میں بھی کوئی
حرج نہیں ۔ اھ

شیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ
تعالی کی کلام ختم ہوئی

.